جب بہت کال بیت ہوا تو میں بھی مرت ہوا جمدوت مجھے پکڑ کر مارتے
مارتے دہرمراج کے پاس لے گئے دہرمراج نے کہا یہہ بڑا پاپی ہے
اسکو نرک میں ڈالدو پہر میں باندر کی جون میں پڑا ایک بازیگر نے مجھے
پکڑ لیا اور گلے میں میرے رسی باندہکر سارا دن نگر میں مانگتا پھرتا تھا اور
رات کو کچھہ تھوڑا سا کھانے کے لئے مجھے دیا کرتا تھا جب باندر کی جون چھٹی
تو پہر مینے کتے کی جون پائی ایکدن مینے کسی کی روٹی اوٹھا لی اور اوسنے
مجھے دیکھہ لیا اور ایسی لاٹھی میری کمر میں ماری کہ کمر میری ٹوٹ گئی اوسی
کشٹ سے پران میرے چھوٹ گئے پہر میں گھوڑے کی جون میں پڑا ایک
بھٹیارہ نے مجھے موُل لیا سارا دن وہ بھٹیارہ مجھے پہرا کرتے تھا میرے
کھانے پینے کی خبر نہیں لیا کرتا تھا جب سانجھہ ہوتی تو چھوٹی سی رسی میرے
گلے میں ڈالکر باندہ دیا کرتا تھا اور ایسی باندہتا کہ میں کبھی بھی اوٹھ نہیں
سکتا تھا ایک دن دو لڑکے اور ایک کنیاں میرے اوپر چڑہکر مجھہ کو

دوڑانے لگے مارگ میں ایک گڑھا چکڑ سے بھرا ہوا تھا میں گڑھے میں
گر پڑا اور پھنس گیا اور اوپر سے مجھے وہ مارنے لگے یہانتک کہ
میرے پران نکس گئے اس بہانت مینے بہت جون ہوگی ہیں وہ اب بکرہ کی جون
پائی ہے میں جانتا تھا اب مجھے برہمن نے مول لیا ہے اب نہیں سکھہ پاونگا
سو تو بہی مجھے مارنے لگا ہے برہمن نے کہا ہے آج تجھے جو ہمارا اپنے
جیسی گوہی ٹڑیاں کو کنگر ہاتھہ میں اوٹہا کر ڈراتا ہے اور وہ آگے سے
اوڑ جاتی ہیں میں ایک کتہا اپنے نیتروں سے دیکھی ہوئی کہتا ہوں کہ کہتے
ہیں ایک چندر شیکھر نام راجہ کسی دیش کا گرہن پر اشنان کے
لئے گیا تہا راجہ نے برہمنوں سے پوچھا کہ سورج گرہن میں کیا دان کرنا چاہئے
برہمن نے کہا کہ لوہے کا پرکھہ بنوا کر اوس کے نیتروں میں لال جڑا کر دان کرنا
بہت اوتم ہے تب راجہ نے کالا پرکھہ لوہے کا گہڑوایا اور اوسکے
نیتروں میں لال جڑوائے اور سونے کے گہنے پہنائے جب راجہ اشنان کر
اوس لوہے کے کالے پرکھہ کا دان کرنے لگا تب وہ کالا پرکھہ ہنسا
راجہ اپنے دل میں ڈرا کہ یہہ کچھہ اوگن ہے جو لوہے کا پرکھہ ہنسا ہے
راجہ نے یہہ بچار کر بیگ اوس کالے پرکھہ کا دان اوس برہمن دیدیا
تب وہ کالا پرکھہ اوس برہمن کو دیکھہ کر پہر ہنسا اور کہا ہے برہمن تو مجھکو
لیگا برہمن نے کہا ہاں میں تجھہ کو لونگا مینے تجھہ سے کئی انیک دان لئے ہیں
اور پچائے ہیں تب اوس کالے پرکھہ نے کہا ہے برہمن تو مجھے وہ گن
بتا جس گن کر تو نے مجھہ سے کئی دان پچائے ہیں برہمن نے کہا جو گن
مجھہ میں ہے وہ گن میں ہی جانتا ہوں اتنا سن وہ کالا پرکھہ پہر ہنسا

اور تھہ گیا اوس کالے پتر کہہ سے ایک اور کال مورت نکلی تب اوس



برہمن نے گیتا کے آٹھویں ادھیاے کا پاٹھہ کرا اور راون دونوں کال مورت
نے سنا پہلے اوس کالے پتر کہنے دیہہ پلٹی برہمن نے جل کی چلی بہر کر دوسری
کال مورت پر بہی جل چھڑکا جل کے چہوتے ہی تتکال اوسکی بہی دیہہ چھٹی وہ دونے
دیو دیہی پائی آکاش سے بیوان آئے اوسپر چڑہ کر بیکنٹھ کو گئے یہہ کتھا
شنکر اج نے کہا ہے برہمن تمہارے سے بہی کوئی ایسا ہے کہ جسکے پرساد کر
میں بہی اس جون سے چھٹوں برہمن نے کہا اس نگر میں ایک گیتا پاٹھی
برہمن رہتا ہے اوسکو میں تیرے لئے لاتا ہوں یہہ کہہ کر وہ برہمن اوس
گیتا پاٹھی برہمن کو بلا لایا اور سارا برتنت اوسکو سنایا تب اوس گیتا پاٹھی
برہمن نے گیتا کے آٹھویں ادھیاء کا پاٹھہ کیا اور راج نے سنا اوسکے سننے
سے راج کی جون سے چھٹا دیو دیہی پائی بیکنٹھ سے بیوان آیا اوسپر چڑہ کر
بیکنٹھ کو سدھارا یہہ کوتک دیکھہ چیتنے اور برہمن وہاں بیٹھے ہوئے تہے
وہ بہی گیتا کے آٹھویں ادھیاء کا پاٹھہ کرنے لگے اتنی کتھا سنا سری نارائن جی
نے کہا ہے لچھمی یہہ گیتا کے آٹھویں ادھیاء کا مہاتم ہے جو تو نے شروَن کرا ہے

اتی سری پدم پران اتشتی آشیر سمبادے اوترکہنڈے گیتا مہاتمے اشٹمو دہیا

اب نوین ادھیائے کا مہاتم چلا (سری نارائن جی واچ) سری نارائن جی
کہتے ہیں ہے لچھمی اب تجھے گیتا کے ناویں ادھیائے کا مہاتم کہتا ہوں سن
(کتھا) دکھن دیس میں مہاوسمبر ناں نام ایک سوداگر رہتا تھا بڑا
پاپی مدہر ماس بھچھن کیا کرتا تھا اور پر استری گون کیا کرتا ایک دن اوس
سوداگر نے مدہر اہبہت پان کری دیوا جہا سے اوسکے پران نکس گئے
تب وہ پرانی مرکر پریت کی جون میں پڑا اور ایک تاڑ کے برچھ پر رہنے لگا
اور اوس دیس میں ایک برہمن بڑا پاپی رہتا تھا اور استری بہی اوسکی
بڑی کلہنی تہی ایک دن اون دونوں کے بہی دیوا جہا سے پران چہوٹ گئے
اور مرکر دونوں پشاچنی پشاچ ہوئے اور اوس برچھ پر جہاں آگئے وہ پہلا
پریت رہتا تہا آئے رہے ایک دن پشاچنی نے اپنے پشاچ سے پوچھا
کہ تجھے اپنے پچھلے جنم کی بہی کچھہ سدھ ہے پشاچ نے کہا ہاں میں پچھلے جنم
برہمن تہا تب پشاچنی نے پوچھا ایسا کونسا پن تو نے کیا تہا جس کر تجھے
پچھلے جنم کی سدھ رہی ہے تب پشاچ نے کہا میں پچھلے جنم تجھے ایک برہمن سے
برہم ادھیاتم کرم سنا تہا پشاچنی بولی وہ برہم ادھیاتم کرم کیا ہے جسکے سننے سے
تجھے پچھلے جنم کی سدھ رہی ہے پشاچ نے کہا وہ سری گیتا جی کے نوین ادھیائے
میں تین اشلوک لکھے ہوے ہیں جو ارجن کو سری کرشن جی نے کہے ہیں یہہ باتیں
آپسمیں کر رہے تہے اور پریت بہلا چنگا ہو اسن رہا تہا یہہ بات سنکر وہ
پریت اون دونوں کے نکٹ آیا اور پوچھا ہے پشاچنی تو کیا بات
کہہ رہی تہی اسطرح میرے سامنے بہی کتھن کر پشاچنی نے کہا تجھے کیا میں
اپنے بہرتا سے کہہ رہی تہی وہ ادھیاتم کرم کیا ہے جسکے سننے سے پچھلے

راداکرشنی



جنم کی سدھ مجھے رہی ہے اون تینوں نے جب کئی بار نام ادھیاتم کرم کا
جو گیتا کے نومیں ادھیاء میں ہے لیا اور ایک دوسرے نے سناتن کال ہی
اونکی پریت دیہی چھٹی اور دیو دیہی پاکر بیکنٹھ کو سدھارے مارگ میں دیوتوں
نے پوچھا کہ تم تو جنم جنمانتروں کے پاپی ہو کس کرنی کر بیکنٹھ کو چلے تب انہوں
نے سنا اور تانت کہا کہ ہم اس کرنی کر بیکنٹھ کو چلے ہیں یہہ کہہ کر وہ بیکنٹھ لوکو
چلے گئے نارائن جی کہتے ہیں ہے لچھمی یہہ گیتا جی کے نومیں ادھیائے
کے تین اکھشروں کا مہاتم ہے سمپورن ادھیاء کا ادھک مہاتم ہے +

اتی سری پدم پورانے ستی اشیر سمباد اوتر کہنڈے گیتا مہاتمے نومو دھیایہ

اگے دسویں ادھیائے کا مہاتم چلا سری نارائن جی واچ سری نارائن جی
کہتے ہیں ہے لچھمی اب تجھے گیتا کے دسویں ادھیاء کا مہاتم کہتا ہوں سرون کر
(کتھا) سری کاشی پوری میں ایک برہمن دھیرج نام بڑا دھرماتما
ہر بھگت رہتا تھا ایکدن وہ برہمن وشیشر مہا دیو کے درشن کرنے کو
چلا گرمی کی رت تھی جب مندر کے نکٹ پہونچا تو دہوپ کے لگنے سے بیاکل
ہوکر پرتھی پر گر پڑا اتنے میں ایک گن بہونگ رتھ نام مہا دیو کا اوسکے
نکٹ آیا اور اوس برہمن کو مورچہا گت دیکھہ اوٹھے پاؤں مہا دیو جی کے

پاس پھر آیا اور کہا ہے مہادیوجی ایک برہمن آپکے درشن کو آیا تہا وہ دہوپ سے گھبرا کر بے سدہ ہوگیا ہے مہادیوجی نے یہہ بات سنکر کچہہ اوتر ندیا اور چپ ہورہے اتنے میں ایک اور دوسرا گن پھر اوس برہمن کے نکٹ آیا دیکہے تو ایک برہمن موا پڑا ہی تب وہ گن مہادیوجی کے پاس آیا اور کہا ہے مہادیوجی مندر کے پاس ایک برہمن موا پڑا ہے اس برہمن نے کونسی سادہنا کری تہی جو ایسی نہلی جگہہ مرت پائی چاروں جگ سکے پہلے آئے ہیں ایک تو بنارس چہیترا اور دوسرے سری گنگاجی کا تٹ اور تیسرے سری مہادیوجی کے درشن اور جو تہا سادہونکا ملاپ ہے مہاراج کرپا کر کے اسکا بہید مجہکو بتاؤ مہادیوجی نے کہا ہے بہوگ رتہہ اس برہمن کے پچہلے جنم کی کتہا میں تجہکو کہتا ہوں ایک دن کیلاس پربت پر پاربتی بیٹہی ہوئی تہی اور گن بہی وہاں بیٹہے ہوے تہے اور پہلواڑی کی سوبہا دیکہہ رہی تہی کہ ایک ہنس آکاش سے میرے درشن کو آیا وہ ہنس برہماجی کا واہن تہا اور مان سروور سے ہوکر چلا آتا تہا اوس سروور میں مہا سندر کنولنی کے پہول تہے وہ ہنس کنولنی کے پہول کے اوپر سے ہوکر جو لنگہیا تو پرچہاواں اوسکا کنولنی کے پہول پر پڑا اتت کال وہ ہنس سفید برن سے سیام برن ہوگیا اور آکاس سے دہرتی پر گر پڑا اتنے میں ایک گن میرا اوس مارگ سے چلا آتا تہا اوسنے اوسکو دیکہہ کر آئے کر مجہہ سے کہا ہے مہادیوجی ایک ہنس آپکے درشن کو آیا تہا سیام برن ہوکر آکاس سے دہرتی پر گر پڑا ہے میںنے کہا اوسکو میرے پاس لے آؤ وہ گن اوسکو میرے پاس لے آیا میںنے اوس ہنس سے پوچہا ہے ہنس تو سیام برن ہوکر

اکاش سے دہرتی پر کیوں گر پڑا ہے تب اوس ہنس نے کہا ہے مہادیوجی
میں آج کے درشن کو آیا تہا مان سرو در میں کنولنی کے پہول ہو رہے ہوئے
ہتے اوسکے اوپر سے ہو کر جب میں لنگہیا تو سیام برن ہو کر آکاش سے گر پڑا
پر میں نہیں جانتا کہ یہہ کیا کارن ہوا ہے مہادیوجی نے کہا ہے بہوگ رتہہ یہہ
بات سن میں اپنے دل میں سوچ کرنے لگا کہ یہہ کیا اچرج ہوا ہے کہ یہہ ہنس
سیام برن ہو کر آکاش سے دہرتی پر گر پڑا ہے اتنے میں آکاش بانی ہوئی
کہ ہے مہادیوجی اس ہنس کا یہہ پرسنگ آپ اوس کنولنی سے پوچہئے وہ
کنولنی سبہہ آپ سے کہہ دیوےگی مہادیوجی نے اوس کنولنی کو بلا کر پوچہا
تو کنولنی نے کہا ہے مہادیوجی میں سارا اسما چار اسکا سناتی ہوں پچہلے
جنم میں ایک برہمن کی کنیا تہی اور ایک برہمن کے ساتہہ بیاہی
ہوئی تہی ایک مینا مینے رکہی ہوئی تہی اور وہ مینا بہت میٹہی میٹہی باتیں
کیا کرتی تہی اسلیئے وہ مینا مجہہ کو بہت پیاری لگتی تہی اوسکے پاس سے
اوٹہنے کو ایک چہن بہی میرا دل نہیں چاہتا تہا ایک دن بہرتا نے مجہے
کہا اوٹہہ کر رسوئی کر میں نہ اوٹہی اوس مینا کے پاس بیٹہی رہی بہرتا نے
مجہے سراپ دیا ری تو کنولنی ہو جا سو میں بہرتا کے سراپ سے کنولنی ہوئی
ہوں مینا کی مجہے اب تک سدہ ہے مینا گیتا کے دسویں ادہیاء کا پاٹہہ بہی
کیا کرتی تہی اور مینے بہی اوس سے گیتا کے دسویں ادہیاء کا پاٹہہ سیکہا تہا
اوس کر میرا ایسا تیج ہے کہ جو کوئی میرے اوپر سے اوڑتا جاتا ہے جہلس
کر گر پڑتا ہے تب ہنس نے کہا کہ اب بہی کوئی ایسا اوپاو ہے کہ میں بہر
سفید برن ہو جاؤں اور تو بہی اس جون سے مکت ہووے کنولنی نے

کہا ہاں جو کوئی گیتا کے دسویں ادھیاء کا پاٹھہ ہم دونوں کو سروَن کراوے تو ہم دونوں کا اودھار ہووے یہہ باتیں آپسمیں کر رہے تھے کہ اتنے میں



ایک برہمن گیتا پاٹھی وہاں آئے نکلیا اونہوں نے بنتی کری کہ ہے برہمن ہمکو گیتا کے دسویں ادھیاء کا پاٹھہ سروَن کراؤ برہمن نے اونکو گیتا کے دسویں ادھیائے کا پاٹھہ سنایا تتکال سنتے ہی ہنس تو سیام برن سے سفید برن ہوگیا اور کنولنی کی وہ جون چھٹی دیوکنیا بھئی دونو نے ہاتھ جوڑ کر برہمن کے آگے بنتی کری اور کہا تم دہن ہو تمنے ہمکو کرتارتھہ کیا ہے برہمن نے کہا کیونکر اونہوں نے سارا برتنت برہمن کو کہا اور کہا اب ہمکو اشیرباد دو ہم دونو دیولوگ کو جاویں تب وس برہمن نے اونکو اشیرباد دیا وے ہنس اور دیوکنیا کرتارتھہ ہوکر جاتے بھئے یہہ سبہہ برتانت سنائے کر مہادیو جی نے کہا ہے بھوگ رتھہ یہہ وہی برہمن گیتا پاٹھی ہے جس نے کنولنی اور ہنس کو کرتارتھہ کیا تھا یہہ کتھا کہہ سری نارائن جی نے کہا ہے لچھمی یہہ سری گیتا جی کے دسویں ادھیائے کا مہاتم ہے

اتی سری پدم پورانے اتری کھنڈے سمباد اوتر کھنڈے گیتا مہاتمی دسمہ ۱۰

آگے گیارہویں ادھیاء کا مہاتم چلا سری نارائن جی اواچ ہری ۱۰۱

کہتے ہیں ہے لچھمی اب تجہے گیتا کے گیارہویں ادہیاہ کا مہاتم کہتا ہوں
سرون کر (کتہا) دکہن دیس میں بہدرکا ندی کے کنارے ایک نگر ہے
اوس نگر کا راجہ سونند نام بڑا ہر بہگت تہا اور اوس نگر مین ایک ٹہاکر دوارا تہا
وہاں ایک برہمن سری لچھمی نارائن کی پوجا کیا کرتا تہا اور گیتا کے گیارہویں
ادہیاء کا پاٹہہ کیا کرتا تہا اور راجہ بہی اوسی ٹہاکر دوارے میں جاکر پوجا
سری لچھمی نارائن کی کیا کرتا تہا اور پاٹہہ سری گیتا کے گیارہویں ادہیاء کا
سنا کرتا تہا ایسے ہی کئی دن بادیت بہئے ایک دن راجہ پوجا کرکے اپنے
گھر کو چلا مارگ میں ایک مہنت ملا اوس مہنت کے ساتہہ اور بہی سادہو تہے
راجہ کو کہا کہ ہم بنارس چہتر کا درشن اشنان کرنے آئے ہیں ہمکو کوئی ٹہور
رہنے کو دو راجہ نے اون اتیتوں کو ایک حویلی میں اوتارا اور سیدہا
اونکے لئے بہیجا اونہوں نے رسوئی بنا کر کہائی تہوڑی دیر پیچہے راجہ انکے
درشن کو آیا اور اپنے پتر کو بہی اپنے ساتہہ لایا اور نمسکار کرا اونکے پاس
بیٹہہ گیا گیان گوشٹ ہوتی رہی راجہ کا پتر اوٹہہ کر کسی کارج کے نمت
حویلی کے اندر گیا اوس حویلی میں ایک پریت رہتا تہا اوسنے راجہ کے
پتر کو مار ڈالا سیوکوں نے راجہ کو آکر کہا کہ ہے راجہ جی آپکے پتر کو پریت نے
مار ڈالا ہے اتنا سنتے ہی راجہ کا ہردا پہٹ گیا دل میں کہا بہلا پہل مجہکو
سادہوؤنکی سیوا کا ملا ہے یہہ دل میں کہہ کر راجہ اوٹہہ کہڑا ہوا اور
مہنت اور سادہ بہی راجہ کے ساتہہ اوٹہہ کہڑے ہوے اور آئے کر
کیا دیکہتے ہیں کہ پریت راجہ کے پتر کو مار کر اوپر چڑہا ہوا ہے مہنت نے کہا
ہے پریت تونے راجہ کے پتر کو کیوں مارا ہے پریت نے کہا میں نے ایسے



کئی مار کہائے ہیں ایک راجہ کے تیر کو بہی مارا تو کیا ہوا مہنت نے کہا کہ
ہے پریت میں تجہے پریت کی جون سے چہوڑاونگا اور جتنے جیو تو نے
مارے ہوے ہیں وہ بہی اودہر نگے پر تو اس بالک کے اور دشٹ کرکے بہہ
بالک جیو ہے اور تو اپنا پچہلا جنم مجہہ سے کہو کہ تو پریت کیونکر ہوا ہے پریت نے
کہا میں پچہلے جنم برہمن تہا اور ہل واہا کرتا تہا ایک دن میرے کہیت کے
نکٹ ایک دربل برہمن آکے گر پڑا اوس برہمن کے انگوں میں ہو
بہت تہے ایک ہل آکے گرا اوس برہمن کے انگوں سے ماس نوچ کر
کہا یا کرتی تہی اور وہ برہمن ہل کو اوڑا نہیں سکتا تہا میں بہی وہاں
کہڑا ہو کر تماشا دیکہا کرتا تہا پر ہل کو نہیں اوڑاتا تہا ایکدن ایک سادہو
وہاں آنکلیا اور اوس نے اوس برہمن کی یہہ درگت دیکہہ کر مجہکو
کہا ہے ہل جوتا تیرے گلے میں تو جنیئو ہے پر یہہ کرم تیرے چنڈالوں کے ہیں
توڑ ایڑ دیا ہے تیرے کہیت کے پاس برہمن کا ماس ہل آکر بہہن کرتی
ہے اور تو اوس ہل کو نہیں اوڑاتا اور کہڑا ہو کر تماشا دیکہتا ہے ہیت
کرم نکے کرن ہارے اوش نرک میں پڑینگے پہلے تو کوئی جو رونے نکٹ
کہڑا ہوا اور دو وجا جوسکو سنگہہ نے گہیرا ہوا وسکو دیکہہ کر اپنا جیو بچا کر

بہاگ جاوے تیسرا جو کسیکو پریت نے گہیرا ہوا وسکو نہ چہوڑا دوسرے ان
کرمونکے کرن ہارے اوش کر نرگ میں پڑینگے اور جو جیو دیا وتت ہیں
انکو اشمیدہ یگ کا پہل پراپت ہوگا اتنا کہہ کر اوس سادہو نے سراپ دیا
کہ جاء تو پریت کی جون میں پراپت ہو یہہ بچن اوس سادہو کے سنکر بہنی
بنتی کری کہ ہے سادہو جی مجہے تشنہ بہیا ہے کہ میں پریت کی جون میں
پڑونگا پر کرپا کر مجہے کہدیجے کہ میرا ادہار کیونکر ہوویگا تب سادہو نے
کہا کہ جب کوئی تجہے گیتا کے گیارہویں ادہیاء کا پاٹہہ کر کر سناویگا تب تیری
مکت ہوویگی جب یہہ پورب کتہا اوس پریت نے کہی تب اوس مہنت نے
راجہ سے پوچہا کہ ہے راجہ کہو اب کیا کریں راجہ نے کہا کہ ہے گسائیں جی
آپ کرپا کر اسکو گیارہویں ادہیاء گیتا جی کا پاٹہہ سروں کراوین کہ اسکی
مکت ہو اور اسکی درشٹ کرنے سے میرا پتر بہی جی اوٹہے تب اوس مہنت
نے گیتا کے گیارہویں ادہیاے کا پاٹہہ کر کر جل کے چہینٹے اوس پریت کے
منہہ پر مارے جل کے لگتے ہی تتکال پریت دیہہ چہٹی اور دیو دیہی پائی
اور جتنے جیو اوس پریت نے مارے تہے وہ بہی پاٹہہ سنکر تارتہہ بہیے
اور راجہ کا پتر بہی سیام سندر چترہج دیو سروپ بہیا سبہوں کے لیئے آکاش
سے بوان آئے راجہ بولا میرا پتر کون ہے مہنت نے کہا تیرا پتر وہ چترہج
سیام سروپ ہے راجہ نے کہا آؤ پتر مجہے مل تب اوس چترہج سروپ
نے کہا کہ یہہ بات تو کسکو کہتا ہے آگے کئی بار میں تیرا پتر ہوا ہوں اور
کئی بار تیرا پتا ہوا ہوں ہے راجہ یہہ پریت وہی ہے جسنے مجہے کہایا تہا
اسکے پرساد سے میں بہی گیتا کے گیارہویں ادہیاء کا پاٹہہ سنکر تارتہہ بہیا

بہیا ہوں تب راجہ نے کہا ہے پتر تیرے بناں میرے گھر اور سنتت نہیں
ہے میری گت کیونکر ہوگی تب وہ بولا ہے راجہ جس کل میں ایک وشنو
بھگت ہوتا ہے تو اوسکی ساری کلیں کا اودہار ہوتا ہے تو تو میرا پتا ہے
اس بات کی چنتا تو مت کر جب میں سری نارائین جی کے درشن کرونگا
تب تیریاں سبھی کلاں کا اودہار ہو ویگا یہہ بات کہہ کر سنتہی ہوانوں
بیٹھ کر بیکنٹھ کو سدہارے تب راجہ کو مہنت نے کہا ہے راجہ تیرے گھر
سنتت نہیں ہے اب تو بھی سری گیتا جی کے گیارہویں ادہیاء کا پاٹھ
کیا کر اور تلسی میں جل چڑہایا کر تیرا بھی جنم سوپھل ہو ویگا اور اودہار
ہو ویگا اتنا کہہ وہ سادہو وشیشر مہادیو کو چلے گئے اور راجہ بھی نت پرتی
سری گیتا جی کے گیارہویں ادہیاء کا پاٹھ کرنے لگا اور تلسی میں جل
چڑہانے لگا ایسا کرتے کرتے راجہ کا بھی اودہار ہوا سری نارائن جی
کہنتے ہیں ہے لچھمی یہہ گیتا کے گیارہویں ادہیاے کا مہاتم جو تجھے سنایا ہے

اتی سری پدم پورانے اشتی سہسر سنگہتا یا اوتر کہنڈے گیتا مہاتمے ایکادشو دہیاے

آگے بارہویں ادہیاے کا مہاتم چلا (سری نارائین جی واچ) سری نارائن جی
کہتے ہیں ہے لچھمی اب تجھے گیتا کے بارہویں ادہیاء کا مہاتم کہتا ہوں سو
سرون کر (کتھا) دکہن دیس میں سوکہانند نام ایک راجہ تہا اوسکی نگری میں
اونکا نام ایک وشئی رہتا تہا اوسکی ایک گنکا کے سنگ پریت تہی اوس
نگر میں ایک مندر دیوی کا تہا وہ دونوں اوس مندر میں جا کر پہرا
ہانس تہجھن کیا کرتے تہے اور بنہیا کے بہوگ بہوگا کرتے تہے جو کوی اونسے
پوچھتا تم دونوں مندر میں جا کر کیا کرتے ہو تو وہ اوتر دیتے کہ ہم مندر میں

جاکر دیوی کی پوجا کیا کرتے ہیں ایسے ہی کئی دن بادیت ہئو اوس
نگر میں ایک برہمن رہتا تہا نیت پرت مندر میں جاکر دیوی کی پوجا کیا
کرتا تہا ایک دن اوس برہمن نے دیوی کی ادستت بہت کی اور استوتر
دیوی کے آگے پڑہے دیوی پرسن ہوئی اور کہا برہمن میں تجہہ پر بہت پرسن
ہوئی ہوں تو مجہہ سے بر مانگ برہمن نے کہا ہے بہوانی مجہے دہن سنتان
دے دیوی نے کہا جو کچہہ تو نے مانگا ہے میں سوئی تجہے دونگی پر پہلے تو
میری ایک آگیا مان تب اوس برہمن نے کہا کیا دیوی نے کہا کہ تجہہ ایسا
اوپاو کر جس کر یہہ دونو پاپی جو کہ مندر میں آئے کر پاپ کیا کرتے ہیں
او دہریں برہمن نے کہا بہلا تب وہ برہمن اپنے گرد کے پاس گیا اور
جاکر کہا گردجی مینے بہوانی کی پوجا کری تہی بہوانی میرے اوپر پرسن بہئی ہے
اور دہن سنتان دیتی ہے پر بہوانی نے کہا ہے کہ پہلے تو کوئی ایسا اوپاو
کر جس کر یہہ دونو پاپی جو میرے مندر میں آکر پاپ کیا کرتے ہیں او دہریں
پہر میں تجہے دہن سنتان دونگی ہے گروجی جو کچہہ اپاو اونکی سدگتی کا
ہو آپ کر پا کر مجہہ سے کہو کہ میں جاکر کروں گرو نے کہا میں تو کچہہ اُپاو
نہیں جانتا تو سری نارائین جی کا تپ کر وہ تمہیں اونکی سدگتی کا اوپاو
بتا دینگے تب اوس برہمن نے سری نارائین جی کی تپسیا کری نارائین جی
پرسن ہوئے اور آکاس بانی ہوئی ہے برہمن تیری کیا کامنا ہے تب برہمن
نے کہا ہے سری مہاراج مینے دیوی کی پوجا کری تہی دیوی میرے اوپر
پرسن ہوئی ہے مینے اوس سے دہن سنتان مانگا تہا دیوی دیتی ہے پر کہتی ہے
پہلے تو ایک کام کر میرے مندر میں جو دو پاپی آکر نیت پرت پاپ کیا کرتے ہیں

اونکا تو اودّہار کر تب مین بجھے وہین سنتان دونگی یہی مہاراج میں تو کچھہ
نہیں جانتا ہوں اون پاپیوں کا اودّہار کس بدہ سے کروں آپ کرپا کر
جو کچھہ اوپاو اونکے اودّہار کا ہو مجھہ سے کہو سو میں کروں تب اکاش بانی
ہوئی کہ تو سری گیتا جی کے بارہویں ادہیاے کا پاتھہ پڑہکر اون دونونکو
سروَن کراؤ تب اوس برہمن نے جاکر اون دونونکو سری گیتا جی کے
بارہویں ادہیاے کا پاتھہ پڑہکر سنایا سنتے ہی اونکی وہ ادہم دیہہ چھٹی
دیو دیہی پائی اکاس سے بوان آئے اونپر بیٹھہ کر بیکنٹھہ کو سدہارے
دیوی نے کہا ہے برہمن سری گیتا جی کے بارہویں ادہیاے کا ایسا پہل ہے
کہ تتکال سنتے ہی یہہ دونوں پاپی بیکنٹھہ کو سدہارے میں آج سے
نام میرا وشنوی ہیا اور ہے برہمن جا تجھے مینے راج اس نگر کا دیا تہا
کہہ کر ہوائی انتردہیان ہوگئی اور برہمن اپنے گرہ کو چلا اوس نگری کے
راجہ کے گہر سنتان تہنیں تہی اور بوڑہا ہوگیا تہا راجہ نے منمیں بچارا
کہ اب راج کسیکو دیکر اور آپ بن میں جاکر تپسیا کروں تو بہلا ہے
اتنے میں وہی برہمن او سنمکھہ آ نکلا راجہ نے اوس برہمن کو دیکہکر
کہا ہے سوامی دیوتا آؤ تم راج کرو اور میں تپسیا کرنے جاتا ہوں تب



راجہ راج برہمن کو دیکر آپ بن میں تپسیا کرنے کو چلا گیا یرہہ بات راجہ
کے دل میں دیوی نے اپنا بچن ست کرنے کے لئے بسائی تہی اسکارن
راجہ برکت ہوکر راج برہمن کو دیکر بن کو چلا گیا سری نارائن جی کہتے ہیں
ہے لچھمی یہہ گیتا کے بارہویں ادھیاء کا مہاتم ہے جو تجہہ کو سنایا ہے
اتی سری پدم پوران سستی اشیر سمباد اوتر کہنڈ گیتا مہاتمے دوادشو ادھیاے
آگے تیرہویں ادھیاء کا مہاتم چلا (سری نارائن جی واچ) سری نارائن جی
کہتے ہیں ہے لچھمی اب تجہے گیتا کے تیرہویں ادھیاء کا مہاتم کہتا ہوں سنو
سرون کر (کہتا) دکہن دیس بیچہے ہرہر پور نام ایک نگر ہے اوس نگر کے
راجہ کا نام ہن پور تہا اوسکی نگری میں ایک استری بوہ چارن رہتی تہی ہس
اور مدہ ہر یا بھجن کیا کرتی تہی اور برے کرم کیا کرتی تہی ایکدن ایک پرش کو
اوسنے کہا کہ اگلے بن بیچہے جاؤمیں اوس جگہہ تیرے پاس آؤنگی وہ پرکہہ
اوس بن بیچہے گیا اور وہ بہی اوس بن بیچہے گئی اور اوس پرش کو
ڈہونڈہتی رہی اور وہ پرش بہی اوسکو ڈہونڈہتا رہا پر اون دونوں کا
ملاپ آپسمیں نہوا جب دن بادیت ہوا اور سانجہہ ہوئی تو وہ پرش اسکو ڈہونڈہتے
ڈہونڈہتے آے ملا وہ استری پریتم کو دیکہکر آنند ہوئی اتنے میں ایک سنگہہ آیا اور اس



کہنے لگا کہ میں تجھہ کو کہاونگا اوسنے کہا مینے تیرا کیا بگاڑا ہے جو تو مجھکو کہاتا ہے اوس شنگہہ نے کہا میں پچہلے جنم برہمن تہا بڑا لوبھی اور جہوٹہا اور جوا کہیلا کرتا تہا اور چہل بل کر پرایا دہن لے آیا کرتا تہا ایک دن درپ او تپت کر نیکے ارتہہ بڑی پربہات کو گہر سے نکلکر کہیں کو چلا مارگ میں پاؤں میرا پہسلا پہسل کر میں گر پڑا انت کال پران میرے نکس گئے جمدوت پکڑ کر مجھے دہرمراج کے پاس لیگئے دہرمراج نے کہا یہہ بڑا پاپی ہے اسکو سنگہہ کی جون میں ڈالدو تب مینے دہرمراج سے کہا ہے دہرمراج جی اب میرا اس جون سے اودہار کیونکر ہووے گا دہرمراج نے کہا جو کوئی گیتا کے تیرہویں ادہیاے کے ایک اشلوک کا پہل تجھکو دیگا تب تیرا اس جون سے اودہار ہووے گا پر جو پاپی جیو ہوں انکو کہا یا کر یوادچہ کوئی ہر بہگت ہو دیں انکو کچھہ نہ کہیو یہہ کتہا سنائی کر سنگہہ نے کہا کہ ہے پوہ چارنی تو مہاپاپنی ہے اسلئے میں تجھہ کو کہاتا ہوں یہہ کہکر سنگہہ اوس استری پوہ چارن کو کہا گیا جمدوت اوس استری کو دہرمراج کے پاس لے گئے دہرمراج نے کہا اسکو چنڈالنی کی جون میں ڈالدو تب اوسنے چنڈالنی کی جون پائی چنڈالنی کی جون میں اوسکو کئی برکہہ بادیت ہوئے ایک دن وہ چنڈالنی نربدا ندی کے کنارے پر گئی وہاں ایک سادہو ندی کے کنارے پر بیٹہا ہوا گیتا کے تیرہویں ادہیاء کا پاٹہہ کر رہا تہا اوس چنڈالنی نے وہ پاٹہہ سنا سنتے ہی تتکال وہ جون اوسکی چہٹی دیودیہی پائی اور آکاش سے بوان آیا اوس پر بیٹہہ کر بیکنٹہہ کو چلی تب سادہو نے اوس سے پوچہا کہ کونسا پُن

تونے کیا ہے جبس کر تو بیکنٹھ کو چلی ہے اوسنے کہا جو کچھ تونے اب تک
جپنے اوسکو سنا ہے اوسکے سننے سے میری چنڈالنی کی دیہہ چھٹی اور دیو
دیہی ملی ہے اور بیکنٹھ کو چلی ہوں پر ہے سادہو جی ایک سنگہہ اس بن میں
رہتا ہے اوس سنگہہ نے مجہے پچہلے جنم کہا یا تہا کوئی ایسا اوپاؤ آپ
کریں کہ اوس سنگہہ کی بہی اوس جون سے مکت ہو تب اوس سادہو
نے تمہامیں گیتا کے تیرہویں ادہیاء کے ایک شلوک کا پن اوسکو دیگا
اوسکی بہی اوس جون سے مکت ہوگی تب اوس برہمن نے گیتا کے
تیرہویں ادہیاء کے ایک شلوک کا پن اوس سنگہہ کو دیا تتکال سنگہہ بہی
اوس جون سے چہٹا اور دیو دیہی پاکر بوان پر بیٹہہ کر بیکنٹھ کو سدہارا اور وہ
چنڈالنی بہی بیکنٹھ کو گئی سری نارائن جی کہتے ہیں ہے لچہمی یہہ سری گیتا کے
تیرہویں ادہیاء کا مہاتم ہے جو تجہکو سروَن کرایا ہے - ۱۳ -

اتی سری پدم پران استی اشیر سمبادے اُتر کہنڈے گیتا مہاتمے تریودشو ادہیاء

آگے چودہویں ادہیاء کا مہاتم چلا (سری نارائن جی واچ) سری نارائن جی
کہتے ہیں ہے لچہمی اب میں تجہے گیتا کے چودہویں ادہیاء کا مہاتم کہتا ہوں
سروَن کر (کتہا) اوتر دیش بیچ کشمیر نام ایک نگر ہے وہاں سرستی جیتیں رہتی
ہیں وہانکے پنڈت بہت بدیاوان ہوتے ہیں کشمیر کے راجہ کا نام سورج
ورماں تہا اور ایک اور راجہ سنگلدیپ کا تہا اوس راجہ سے سورج ورماں
کی بڑی پریت تہی سنگلدیپ کا راجہ سورج ورماں کو موتی لال ہیرا پنہ مانک
اور بہت جواہر اور دریائی گہوڑے بہیجا کرتا تہا ایک دن سورج ورماں
نے اپنے وزیر سے پوچہا کہ سنگلدیپ کے راجہ نے مجہہ کو بہت کچہہ بہیجا ہے

میں اسکو کیا بہیجوں وزیر نے کہا جو بست اوسکے ملک میں ہوتی ہو سو ہی بہیجی جاوے
راجہ نے کہا اور تو اوسکے ملک میں سبہہ کچہہ ہوتا ہے پر ایک شکاری کتے
اوسکے ملک میں نہیں ہوتے شکاری کتے بہیجنے چاہیے میرا نیت اوسنے شکار
کہیلا کریگا تب راجہ نے دو شکاری کتیاں سونے کی زنجیر اونکے گلے میں ڈالکر
اور ڈولہ میں مخمل کے گدیاں پر بٹہاکر سنگلدیپ کے راجہ کو بہیجیں راجہ سنگلدیپ کا
دیکہہ کر بہت پرسن ہوا اور کہا اور تو سبہہ کچہہ میری راجدہانی میں ہے
پر شکاری کتیاں نہیں تہیں سو میرے میت نے بہلا کیا جو بہیجی ہیں ایک دن
راجہ سنگلدیپ کا شکار کو چلا اور یہی راجہ اوسکے سنگ شکار کو چلے سنگلدیپ
کے راجہ نے اور ایک راجہ کے ساتہہ شرط باندہی جو جس کے کتا شکار مارے
سوئی لیوے وہاں ایک سہہ نکلا اوسکے پیچہے اپنے اپنے کتے سبہہ
راجاؤں نے دوڑائے سہہ بہاگا جاتا تہا اور کتے بہی اوسکے پیچہے دوڑے
جاتے تہے جب سہہ بہت دور نکل گیا تب اور راجاؤنکے کتے پیچہے
ہٹ آئی پر سنگلدیپ کے راجا کی کتی پیچہے نہ ہٹی سہہ کے پیچہے دوڑی گئی
اور جاکے سہہ کو پکڑا تب لوگوں نے شور مچایا کتی دو چتی ہٹی سہہ اوسکے
ہاتہہ سے چہوٹ کر بہاگا وہ ند جو کتی کے سہہ کو لگے تہے اوس سے رودر
سہہ کا تہور تہور پرتہوی پر گرتا جاتا تہا اور سہہ بہاگا جاتا تہا اور پیچہے
کتی بہی دوڑی آتی تہی ایک سادہ اوس بن بیچہ تپسیا کر رہا تہا اور ایک تیرتہ
اوسکے ٹونہ جل کا بہرا ہوا تہا سہہ جان بچانے کے لئے اوس ٹونہ میں
جائے گرا پیچہے سے کتی بہی اوسکے پکڑنے کے لئے ٹونہ میں جا
گری اسمیں گرتے ہی سہہ اور کتی کی دیہہ چہوٹ گئی اور دیو دہی ہی



اور بوان پر بیٹھہ کر بیکنٹھہ کو چلے اتنے میں پیچھے سے راجہ بہی آئے پونہچا جب
دیکھی تو سبہا اور رکتی دونوں مرے پڑے ہیں راجہ نے اون دونو دیوی
سے پوچھا تم کون ہو اونہوں نے کہا ہے راجہ میں سبہا ہوں اور یہہ بہی
کُتی ہے راجہ تیری کلیان ہو تیرے پرساد کر ہمارا اودہار ہوا ہے راجہ نے
کہا بہلا ہوا کہ تمہارا اودہار ہوا پر تم مجہکو وہ بات بتاؤ جس کر تمہارا اودہار
ہوا ہے تب اونہوں نے کہا اس جل کے چہونے سے ہماری ادہم دیہہ
چہٹی اور دیو دیہی ملی ہے یہہ کہہ کر وہ بیکنٹھہ کو سدہارے تب راجہ نے
اوس سادہو سے پوچہا ہے سادہو جی یہہ کوتک مینے بڑا اچرج دیکہا ہے کہ
اس جل کے چہونے سے سبہا اور کُتی کی ادہم دیہہ چہٹی اور دیو دیہی پاکر
بیکنٹھہ کو گئے ہیں یہہ جل کیسا ہے تب اوس سادہو نے کہا میرا ایک گرو دہی
مندا آلی اوسکا نام ہے اور میرا نام سوسرمان ہے میرا گرو اسمیں چرن
دہویا کرتا ہے اور میں اسمیں اشنان کر کر پوتر ہو کر گیتا کے چودہویں ادہیاے کا
پاٹھہ کیا کرتا ہوں اور گرو مجہے پڑہایا کرتا ہے راجہ نے کہا ہے گسائیں جی
جب پورن بہاگ ہوویں تب سادہو کی چرن دہور پراپت ہوتی ہے
اونہوں نے پچہلے جنم بیچ کونسا اپاپ کیا تہا جس کر انکا اودہار ہوا ہے

سناہے نے کہا ہے راجہ میں انکے پچھلے جنم کی بارتا تجھہ کو سناتا ہوں یہہ سہا
پورب لے جنم بہہ سادہو تہا اور یہہ کتی پورب لے جنم بچہے اسکی استری تہی
ایک دن یہہ اپنی استری سے کہچیا تب استری نے اسکو بس دیکر مار
ڈالا جب کچھہ اک کال پیچہے استری بہی موی تب جمدوت دونوںکو
پکڑکر دہرمراج کے پاس لے لگے تب دہرمراج نے اگیا کری کہ اس
برہمن کو سہے کی جون اور استری کو کتی کے جون میں پاؤ تب انہوں نے
پوچہا ہے دہرمراج جی ہمارا اودہار کیسے ہویگا تب دہرمراج نے
کہا انکے بن میں ایک بتسی گیتا پاٹہی رہتا ہے جب اونکے چرنودک کا
جل تمہارے انگوں سے سپرش ہوگا تمہارا اودہار ہوویگا ہے راجہ
اس جل کے چہونے سے میرے گرو کے پرتاپ سے کہ وہ اس جل میں
چرن دہویا کرتا ہے انکا اودہار ہولہے راجہ یہہ بات سن اور دنڈوت
کر اپنے گرہ میں آیا اور ایک برہمن کو بولاکر اوسکو کہا کہ تو نت
پرت مجھہ کو گیتا کے چودہویں ادہیاء کا پاٹھہ پڑہکر سنایا کر تب راجہ اوس
برہمن سے نت پرت گیتا کے چودہویں ادہیاء کا پاٹہہ سننے لگا سنتے
سنتے راجہ بہی کرتارتہہ ہوا سری نارائن جی کہتے ہیں ہے لچھمی گیتا کے
چودہویں ادہیا کا یہہ مہاتم ہے جو تجھہ کو سنایا ہے

اتی سری پدم پوراݨے استی اشیر سمباد اوتر کہنڈے گیتا مہاتمے چتردشو ادہیایہ

اگے پندرہویں ادہیاے کا مہاتم چلا سری نارائن جی واچ سری
نارائن جی کہتے ہیں ہے لچھمی اب تجھے گیتا کے پندرہویں ادہیاء کا مہاتم
کہتا ہوں سردن کر دکہتا گور دیس ایک نگر ہے دہاں ایک راجہ کا

نام نرسنگھ تہا اور اوسکے منتری کا نام سرہہا تہا راجہ کو اپنے منتری پر بڑا
اعتبار تہا پر منتری اپنے دل میں کپٹ رکہتا تہا اور دل میں کہتے تہا کہ
راجہ کو مار کر میں راج کروں ایسے ہی چنتوتا رہتا تہا ایک دن راجہ اور
رانی دونوں محل میں اکیلے سوے ہوے تہے منتری نے اون دونوں کو
مار دیا راجہ وہ دیہہ تیاگ کر پہر بہی کسی دیس کا راجہ ہیا اور آپ راج
کرنے لگا بہت دن پیچہے جب وہ منتری مودا تو اوسکو جمدوت پکڑ کر
دہرمراج کے پاس لے گئے دہرمراج نے کہا یہہ بڑا پاپی ہے اسکو گہوڑہ کی
جون میں پاو تب اوسنے گہوڑہ کا جنم پایا اور وہ بڑا گہوڑہ ہا گہوڑیکا
ایک بیاری تہا اوسنے اوسکو مول لیا تب وہ بیاری اوس گہوڑیکو
اوس راجہ کے دیس میں لایا جب دیس میں آیا تو راجہ کو سیوکوں نے
خبر کری کہ ایک بیاری گہوڑے بہلے بہلے لایا ہے تب راجہ نے اگیا
کری کہ اوس بیاری کو بولاو جب وہ آیا تو جتنے گہوڑے اچہے اچہے
تہے راجہ نے اوس سے مول لے لئے اور وہ گہوڑہ بہی مول لیا اور
اگیا کری سبہہ گہوڑیوں کو پہیر تب سبہہ گہوڑیون کو پہیر جب شنگدیپ
والے گہوڑے کو پہیرنے لگے تو اوس گہوڑے نے سر پہیرا راجہ نے کہا
اس گہوڑہ نے مجہے دیکہہ کر سر کیوں پہیرا ہے لوگوں نے کہا ہے راجہ جی
اسنے آپ کو جوہار کیا ہے راجہ نے کہا ایسا نہیں جیسا تم کہتے ہو اسکا بہید
کچہہ پایا نہیں جاتا پر کیا کروں میں اسکو اب مول لے چکا ہوں ایک دن
راجہ اوس گہوڑہ پر سوار ہو کر بن میں شکار کو گیا اور گہوڑہ کو شکار کے
پیچہے چہوڑا گہوڑا چلتا بہت مگ نکسا آگے شکار کو راجہ تیر اور برچہی سے

شکار کیا کرتا تہا اوس روز شکار گو راجہ نے ہاتہہ سے پکڑ لیا تب راجہ
بہت پرسن ہوا اتنے میں دوپہر ہو گئی راجہ کو تر کہا لگی راجہ نے ادہر
اودہر دیکہا تو بن میں ایک کٹیا دشٹ پڑی راجہ اوس کٹیا کے نکٹ آیا
وہاں ایک سر دور تہا اور اُسکے کناروں پر برچہہ لگے ہوے تہے راجہ
نے ایک برچہہ کے نیچے گہوڑہ کو باندہ دیا اور آپ جل ہونے کے لئے
کٹی میں گیا وہاں جاتے کر دیکہا کہ ایک تپسی اپنے بالک کو گیتا کے
پندرہویں ادہیاے کا پاٹہہ پڑہاوتا ہے اور ایک اشلوک گیتا کے
پندرہویں ادہیاء کا برچہہ کے پتر پر لکہہ کر بالک کو اوس تپسی نے دیا
اور کہا ہے پتر تو کہیلتا ہی رہو پر اس پتر سے دیکہہ دیکہہ پاٹہہ بہی پڑہتا
رہو بالک اوس پتر سے دیکہہ کر وہ اشلوک پڑہتا پہرتا تہا وہ پتر اوس
بالک کے ہاتہہ سے اوس گہوڑے کے آگے گر پڑا گہوڑے نے اوسکے
اوپر جو اشلوک کہ لکہا ہوا تہا دیکہا اکہشر دیکہتے ہی تت کال گہوڑہ
کی جون سے چہٹا اور دیو دیہی پائی اور آکاش سے بوان آیا اُسپر



بیٹہہ کر بیکنٹہہ کو چلا اتنے میں راجہ بہی پانی پیکر باہر آیا دیکہے تو گہوڑا
موا پڑا ہے راجہ بہت دلگیر ہوا اور سوچنے لگا کہ گہوڑہ میرا کیونکر مرا

اتنے میں آکاش سے وہ دیودیہی بولا ہے راجہ گہوڑا تیرا میں ہوں
میں دیودیہی پاکر بیکنٹہہ کو چلا ہوں راجہ نے کہا تو نے کونسا پُن کیا ہے
کہ جس کر دیودیہی پاکر بیکنٹہہ کو چلا ہے تب وہ بولا یہہ بات تو اوس رکہیشر سے
پوچہہ وہ تجہہ کو سبہہ کہدیویگا تب راجہ نے جاکر رکہیشر سے پوچہا ہے رکہی جی
یہہ کیا کارن ہوا ہے تب رکہی نے کہا ہے راجہ تینے اپنے پتر کو گیتا کے
پندرہویں ادہیاء کا ایک اشلوک پرچہہ کے پتے پر لکہدیا تہا وہ بالک
اوسکو دیکہہ کر پڑہتا پہرتا تہا اوسکے ہاتہہ سے وہ پتر گہوڑے کے آگے گر پڑا اور
گہوڑے نے وہ اکہشر اوسکے اوپر لکہے ہوئے دیکہے ہیں اوسکے دیکہنے ستی
اوسکی گہوڑہ کی جون چہٹی ہے اور دیودیہی پاکر بیکنٹہہ کو گیا ہے راجہ نے
کہا ہے رکہی جی یہہ پچہلے جنم کون تہا جس دن اسکو مینے مول لیا تہا
اوس روز بہی اسنے مجہکو دیکہہ کر سر پہیرا تہا اسکا بہید کرپا کر مجہہ کو کہہ
دیجئے رکہی نے کہا ہے راجہ تو پچہلے جنم بہی راجہ تہا اور یہہ پچہلے
جنم تیرا منتری تہا اسنے تجہے ماردیا تہا اور آپ راج کرنے لگا تہا
تو جب مؤا تو اب بہی راجہ ہوا اور یہہ مر کر گہوڑے کی جون میں پڑا
تو نے اسکو جب مول لیا تہا اور اسنے سر پہیرا تہا یہہ کہتا تہا کہ تو مجہکو
نہیں جانتا پر میں تجہکو جانتا ہوں ہے راجہ یہہ وہی تیرا منتری ہے اتنی
بات کہہ کر رکہیشر چپ ہو رہا اور راجہ یہہ بات سنکر اپنے دلمیں بہت
پچہتایا اتنے میں پیچہے سے راجہ کے آدمی آئے ملے راجہ رکہیشر کو
ڈنڈوت کر اور گہوڑے پر چڑہکر گہر میں آیا اور راج اپنے پتر کو دیکر
آپ بن میں تپسیا کرنے کو چلا گیا اور گیتا کے پندرہویں ادہیاء کا پاٹہہ

نِسدن کرنے لگا ایسا کرتے کرتے مُکت کو پراپت ہوا یہہ کتھہ سری نارائن جی بولے ہے لچھمی یہہ سری گیتاجی کے پندرھویں ادھیاء کے ایک شلوک کا مہاتم ہے جو تجھہ کو سروَن کرایا ہے۔ ❀

اِتی سری پدم پورانے ستی اُشیر سمبادے اوتر کھنڈے گیتا مہاتمے پنچ دشو ادھیایہ

آگے سولھویں ادھیاء کا مہاتم چلا (سری نارائن جی واچ) سری نارائن جی کہتے ہیں ہے لچھمی اب میں تجھے گیتا کے سولھویں ادھیاء کا مہاتم کہتا ہوں سروَن کر (کتھا) سَورَشٹر دیس ایک نگر ہے وہانکا راجہ کھڑگ باہو نام بڑا دھرماتما ہر بھگت اور دانی اور دیاونت تھا سادھوں سنتوں کی سیوا بہت کیا کرتا اور پرجا کو بہت سُکھی رکھتا تھا اور پرجا بھی اوسکی سبھہ ہربھگت تھی اور نگر میں گرہ گرہ ٹھاکردوارے تھے اور گھر گھر جگ اور ہوم نیت پرت ہوتا رہتا تھا اور راجہ کے گھر ہاتھی گھوڑے درب بہت کچھہ تھا کسی بست کی ٹوٹ نہ تھی راجہ کے طویلہ میں سے ایک خونی ہاتھی چھوٹا ہوا تھا نگر میں بہت دھوم اوسکی مچی ہوئی تھی کسی مہاوت کو اپنے نکٹ نہیں آنے دیتا تھا جو کوئی مہاوت اوسکے نکٹ آتا اوسکو مار ڈالتا تھا کسیکو اپنے اوپر چڑھنے نہیں دیتا تھا راجہ نے دیس دیس کے مہاوت بلائے پر وہ کسیکے بس میں نہ آیا نگر کے مندروں کے آگے کھڑا رہتا تھا اور جس گلی کوچہ میں جاتا اوسکو ڈھاتا آتا تھا کبھی بن کو نکل جاتا اور بن کے برچھوں کو گرا دیتا تھا پر بن کے بیچ جو کوئی سادہ بشنو ملتا اوسکو کچھہ نہ کہتا تھا اور نگر میں جب آوتا تو نگر کے لوگوں کو بہت دُکھہ دیتا اور بہت اپدرہ نگر میں کرتا اسلئے راجہ رات دن بہت چنتا

رہتا تہا اور نتیں دچار کرتا تہا کہ کوئی ایسا اوپاو ہووے کہ جس کر
یہہ ہاتھی پکڑا جاوے پر کوئی بدہ ایسی نہیں بنتی تہی جس سے وہ ہاتھی
بس میں آوے ایکدن ہاتھی نگر کو چلا آتا تہا اور سامہنے سے ایک ساہد چلا
آتا تہا لوگوں نے اوس ساہد کو کہا ہے سنت جی پرے ہٹ جاو ہاتھی
سامہنو سے آتا ہے نہیں تجہے مار ڈالیگا اوس ساہد نے کہا ہاتھی اونکو
ماریگا جو پرمیشر سے بمکھہ ہیں مجہہ میں بہجن کا ٹر ابل ہے ہاتھی میرا کیا کر سکتا ہے
لوگوں نے کہا وہ پشو ہے وہ بہجن کو کیا جانتا ہے ساہد نے کہا ہاں
ابہی کوئی نہیں مرتا جو اسکے ہاتھہ سے ہی میری مرت ہے تو اٹ نشچر
اتنے میں وہ ہاتھی اوس ساہد کے نکٹ آ پہنچا اور ساہد جہاں کہڑا تہا
وہاں کہڑا رہا پیچہے نہ ہٹا جب وہ ہاتھی نکٹ آیا تو ساہد نے اوس ہاتھی
کی اور دشٹ کر کر دیکہا ہاتھی نے اپنے سونڈ سے حیرن ساہد کے پکڑے
تب لوگوں نے آپسمیں کہا اب ہاتھی اسکو ماریگا پر ہاتھی حیرن پکڑ کے
کہڑا رہا تب ساہد نے کہا ہے گجیندر میں تمہیں جانتا ہوں تو پہلے جنم کا



پاپی ہے تو چنتا مت کر میں تیرا اودہار کرونگا ہاتھی بار بار حیرن ساہد
کے پکڑے تہا اور سمیں اپنا نو اوے تہا تب لوگوں نے یہہ کوتک دیکہہ کر جے

کو خبر کری ہے راجہ جی جس ہاتھی کے پکڑنے کو آپ میں کر رہے تھے
وہ ہاتھی ایک ساہد کے آگے نربل ہوا کھڑا ہے راجہ سنتے ہی دیکھنے کو آیا
آئے کر دیکھا تو ہاتھی ادھین ہوا ساہد کے آگے کھڑا ہے ساہد نے کھا
ہے گجیندر آگے آئیت ہاتھی آگے آیا اور ساہد کے چرن پکڑے وہ ساہد ہو
گیتا پاٹھی تھا اوسنے کرمنڈل سے جل لیکر کہا مینے گیتا کے سولہویں ادھیاء
کے پاٹھہ کا پھل تجھہ کو دیا اس پن کر تیری اس جون سے مکت ہوتا ہے مگر
اوس جل کا چھینٹا ہاتھی کے مکھہ پر مارا اتنا کہتے ہی ہاتھی کی جون اوسکی چھٹی
دیودیہی پائی آکاش سے بوان آیا اوس پر بیٹھہ کر راجہ کے نکٹ آئے
کھڑا ہوا اور کہا ہے راجہ میں تیرے نگر میں اسی نمت رہتا تھا جو تو بڑا
دھرماتما ہے میں وچار کرتا تھا کوئی ایسا ہی ہو جو مجھے اس جون سے چھڑادے
سو اس ساہد نے مجھے اس جون سے چھوڑایا ہے اب میں بیکنٹھہ کو چلا
ہوں یہہ کہکر وہ بیکنٹھہ کو گیا تب راجہ نے آئے کر ساہد کو ڈنڈوت کری
اور کہا ہے ساہد جی تونے کونسا پن کیا ہے اور ایسا کون منتر پڑھا ہے
جس کر اسکی ہاتھی کی جون سے مکت ہوئی ہے ساہد نے کہا میں گیتا کے
سولہویں ادھیاء کا پاٹھہ نت پرت کیا کرتا ہوں اوسکا پن میںنے اسکو دیا
اس پن کے بل سے ہاتھی کی جون سے اسکی مکت ہوئی ہے تب راجہ نے
پوچھا ہے سنت جی یہہ ہاتھی پچھلے جنم کون تھا ساہد نے کہا یہہ پچھلے جنم
ایک اپنت کا بالکا تھا گرو نے اسکو پڑھایا بہت پڑھا ہی تھی ایک سمیں
گرو تیرتھوں کو گیا اور پاچھے بالکا اوسکے استھان پر رہا بالک کے پر بہتا
بہت بڑی پہلے پہلے مانو کہہ اوسکے درشن کو آیا کرتے تھے ایسے ہی جب

باراں برس بادیت ہوئے تو اوسکا گرو تیرتھوں سے ہوکر آیا جب اوسنے
دیکھا کہ گرو میرا آیا ہے جو میں اسکا آدر کروں گا تو میری پرتھا گھٹ جاویگی
یہہ سوچ کر سیوک نے گرو کا آدر کچھہ نکیا اور گرو کو دیکھہ کر نیتر موند کر چپ
ہو رہا گرو نے جان لیا جو اسنے مجھے دیکھہ کر نیتر موند لئے ہیں تب گرو نے
اوسکو سراپ دیا ارے مہا اندھے تو نے مجھے دیکھہ کر سر نہیں نوایا اور
نہ ڈنڈوت کری ہے تو نے اپنی پرتھا کا ابھمان کیا ہے اسلئے میں تجھکو
سراپ دیتا ہوں کہ تو ہاتھی کی جون میں پڑے تب سیوک نے منتی کری ہے
گرو جی میں جانتا ہوں تمہارا بچن ورتھا نہیں جاویگا پر جی میرا اودہار
کیونکر ہوویگا تب گرو نے کہا جو تو ہی گیتا کے سولہویں ادھیاے کا پاٹھ سنیگا
دیگا تب تیری مکت ہوویگی راجہ نے یہہ بچن سنکر اوس گیتا پاٹھی سادھ
کو کہا ہے سنت جی مجھے بھی کرپا کر کے گیتا کے سولہویں ادھیاے کا پاٹھ
سکھاؤ اوس سادھ نے کہا بہلا راجہ سکھہ لے تب اوس سادھ نے راجہ کو گیتا
کے سولہویں ادھیاے کا پاٹھہ سکھایا راجہ راج تیر کو دیکر آپ بن کو تپسیا
کرنے کے لئے چلا گیا اتنا کہہ سری نارائن جی نے کہا ہے لچھمی یہہ سری
گیتا جی کے سولہویں ادھیاے کا مہاتم ہے جو تو نے سرون کرا ہے

اتی سری پدم پورانے ستی ایشر سمبادے اوتر کھنڈے گیتا مہاتمے شوڈشو دھیاے

آگے ستارہویں ادھیاے کا مہاتم چلا (سری نارائن جی واچ) سری نارائن جی
کہتے ہیں ہے لچھمی اب تجھے گیتا کے ستارہویں ادھیاے کا مہاتم کہتا ہوں
سرون کرو (کتھا) منڈلیک نام ایک نگر ہے وہاں کے راجہ کا نام دوشاسن
تہا اور ایک راجہ اور دیس کا تہا دونوں راجہ نے آپسمیں شرط باندھکر

ہاتھی لڑائے کہ جسکا ہاتھی جیتے وہ درب لیوے دوسرے دیس کے
راجہ کا ہاتھی جیتا اور دوساس کا ہاتھی ہارا کتنے اک دنوں پیچھے وہ ہاتھی
مرگیا اور راجہ بہت چنتاتر رہتا تھا کہ ایک تو درب گیا اور دوسرا ہاتھی
موا اور تیسرے لوگوں کی مجھکو ہنسی ہوئی ایسے چنتا کرتے کرتے راجہ کا
دیہانت ہوا جم راجہ کو پکڑ کے دھرمراج کے پاس لے گیا دھرمراج نے
کہا یہہ ہاتھی کے موہ میں مرا ہے اسکو ہاتھی کی جون میں پاؤ تب راجہ
نے سنگلدیپ میں ہاتھی کی جون پائی راجہ سنگلدیپ کے پاس ہاتھی بہت
تھے یہہ بھی اون ہاتھیوں میں آنے ملا پر اسکو اپنے پچھلے جنم کی خبر
تھی اسلئے یہہ کچھ کھاتا پیتا نہیں تھا اور کھڑا ہوا رودن کرتا تھا اکدن
ایک برہمن راجہ کے پاس آیا اور راجہ کو گیتا کا ایک اشلوک پڑھکر
سنایا راجہ پرسن ہوا اور کہا کچھ مانگ برہمن نے کہا اور تو سب کچھ میرے
گرہ میں ہے پر کوئی ہاتھی میرے گھر نہیں راجہ نے وہ ہاتھی اوس برہمن
کو دیدیا برہمن گھر لے گیا برہمن جو کچھ دانہ پانی اوسکو کھلاتا تھا وہ نہیں
کھاتا تھا اور کھڑا ہوا رودن کرتا تھا اور چنتاتر رہتا تھا برہمن نے مہاوت
بولائے اور اونسے پوچھا کہ دیکھو اِس ہاتھی کو کیا دکھ ہے اونہوں نے
کہا اسکو کچھ دکھ نہیں تب برہمن نے راجہ سے جاکر کہا ہے راجہ جی
وہ ہاتھی جو مجھکو آپنے دیا ہے کھاتا پیتا کچھ نہیں اور کھڑا رودن کرتا
رہتا ہے راجہ نے کہا میں چلکر دیکھتا ہوں راجہ نے بید اور مہاوت
بڑے بڑے بدھوان بلائے اور اونکو ساتھ لیکر جہاں وہ ہاتھی کھڑا تھا
آیا راجہ نے بیدونکو کہا دیکھو اِس ہاتھی کو کیا دکھ ہے تب بیدوں اور

مہاوتوں نے کہا کہ ہے راجہ جی اسکو اوپر سے تو کوئی دوکھہ نہیں ہے پر اسکے
منمیں کوئی دکھہ ہے سو وہ ہمسے جانا نہیں جاتا تب راجہ نے اوس
ہاتہی کو کہا کہ ہے گجندر تیرے منمیں جو دوکھہ ہے سو تو اپنے مونہہ سے مجھہ کو
کہو تب وہ ہاتہی بولا ہے راجہ تو بڑا دہرمگ ہے اور یہہ برہمن بہی بڑا



ودوان ہے ہے راجہ تو نے جو مجھہ سے پوچھا تو کہاتا پیتا کیوں نہیں اور
کہڑا رودن کیوں کرتا ہے ہے راجہ اس برہمن کے گہرمیں تو سبہہ کچہہ ہے
پر اسکے گہر کا پرشاد وہ کہاوے جو نہ آتا ہو میں تو ادہم دہیا ہوں نہیں کیونکر
کہاؤں اور رودن میں اسلئے کرتا ہوں کہ میں پہلے جنم راجہ تہا ہاتہی
کے موہ میں میرے پران چہوٹے تہے اسلئے میں ہاتہی کی جون میں آ
پڑا ہوں میں یہہ بچار کر کر رودن کرتا ہوں کہ میری اس جون سے مکت
ہوگی یہہ بارتا اوسکی سنکر اوس برہمن نے اوس ہاتہی کو گیتا جی کے ستارہویں
ادہیاء کا پاٹہہ سنایا سنتے ہی وہ تتکال ہاتہی کی جون سے چہٹا اور دیو دیہی
ہوکر اکاش سے بوان آیا اوس پر بیٹہہ کر وہ دیو دیہی راجہ کے آگے آ
کہڑا ہوا اور کہا ہے راجہ تو دہن ہے اور یہہ برہمن بہی دہن ہے جسنے مجہے
ہاتہی کی جون سے مکت کیا ہے اب میں بیکنٹہہ کو جاتا ہوں یہہ کہہ کر وہ بیکنٹہہ کو

گیا اور راجہ اپنے گھر آیا اور برہمن اپنے گھر گیا اتنا کہہ سری نارائن جی
نے کہا ہے لچھمی جی یہ گیتا کے ستارہویں ادھیاء کا مہاتم ہے جو تو نے سنا ہے

اِتی سری پدم پورانے سنی اشٹر سمبادے اوتر کھنڈے گیتا مہاتمے سپت دشو ادھیاے

اتھ گیتا کے اٹھارہویں ادھیاء کا مہاتم چلا سری نارائن جی سری لچھمی جی سے
کہتے ہیں ہے لچھمی اب یہ گیتا کے اٹھارہویں ادھیاء کا مہاتم جو کہ گیتا کے
اٹھارویں ادھیاء میں اتی ہی سریشٹ ہے کہتا ہوں (کہتا) سمیر پربت
کے اوپر دیو لوگ ہے وہاں کا راجہ اندر ہے کوبیرن جہہ اور سبھی دیوتا وہاں
رہتے ہیں وہاں راجہ اندر اور سبھی دیوتا بیٹھے ہوئے تھے اور اپسرا
نرت کر رہی تھی اور گندہرب کیرتن کر رہے تھے اتنے میں کیا دیکھتے ہیں
کہ چار پارکھد ایک بوان پر ایک چتربھج دہاری کو لیئے آوتے ہیں اتنے میں
وہ نکٹ آئے اور آئے کر اون پارکھدوں نے سبھی دیوتاؤں کے سنمکھ
راجہ اندر کو کہا ہے راجہ اندر اوٹھہ اور اس اندر آسن پر اسکو بیٹھنے دے
اتنا سنتے ہی راجہ اندر سنگھاسن سے اوٹھہ کھڑا ہوا اور پارکھدوں نے
اوس چتربھج دہاری کو اندر آسن پر بٹھایا تب اندر نے برہسپت جی سے
پوچھا ہے پروہت جی میری جانے تو اسنے ایسا کوئی پن نہیں کیا ہے جسکے
اندر لوک کا ادہکاری ہوا ہے ہے پروہت جی تم سبھہ کچھہ جانتے ہو
مجھہ کو کرپا کر اسکا بھید کہو کہ میرا اسنہ نرورت ہو تب برہسپت جی نے
کہا ہے اندر میں بھی بڑی اچرج میں ہوں کہ اسنے کونسا ایسا پن کیا ہے
کہ جس کر اندر لوک کا ادھکاری ہوا ہے تو سری نارائن جی سے جاکر
یہہ بات پوچھہ تب اندر سبھہ دیوتاونکو ساتھہ لیکر سری نارائن جی

پاس آیا اور ہاتہہ جوڑ کر نمسکار کری اور استت کری اور کہا ہے سری
آد دیو جی تم انتر جامی ہو میں ایک بنتی کرتا ہوں نارآین جی نے کہا اندر
کیا پوچہتا ہے پوچہہ تب اندر نے کہا ہے نارآین جی چار بار کہد آپ نے
ایک چہتر بہج دہاری کو لائے اور مجہہ سے کہا سنگہاسن سے اوٹہہ اور اسکو
سنگہاسن پر بٹہنے دے ہے نارائین جی اونکے تیج کے آگے میں ٹہہر نہ سکا
تتکال اوٹہہ کہڑا ہوا ہے مہاراج جی میرے منمیں یہہ بڑا سندیہہ ہے
جو جب مینے سو اشو میدہ جگ کیا تہا تب مینے اندر آسن پایا تہا اور اسنے تو
ایک جگ بہی نہیں کیا اسنے کونسا ایسا پن کیا ہے جس کر یہہ اندر اسن کا
ادہکاری ہوا ہے تب سری نارائین جی نے منسکر کہا ہے اندر اوسنے
ایک بڑا گپت دہرم کیا ہے جسکو میں جانتا ہوں یا وہ جانتا ہے اوسنے
سری گیتا جی کے اٹہارہویں ادہیاے کا پاٹہہ کیا ہے پر اوسکو بہوگوں
کرنیکی باچہا رہی تہی جب اوسنے دیہہ چہوڑی تب مینے پارکہدوں کو آگیا
کری تم اوسکو لیجا کر اندر آسن پر بٹہاؤ وہ تیری اندر پوری کا راج نہیں کرنا
چاہتا اندر تو جتنا مت کر جب بہوگوں سے من اوسکا برکت ہوگا تب تو پہر
راج کرنا اور اوسکو میں بیکنٹہہ باسی کرونگا ہے اندر تو ڈرمت وہ تیرا



راج نہیں لیتا اور سبھی سمگری بھوگونکی اوسکو تو جانے دے کہ اوسکی منا
پورن ہووے اتنی بات سُنکر اندر نے ڈنڈوت کری اور آگیا مان کر اندر لوک
کو آیا اور بھوگونکی سبھی سمگری اُس چتربھج روپ دھاری کو آے دی اور
کہا آنند سے تم بھوگ بھوگو جب بھوگ بھوگ کر اوسکا من برکت ہوا تو نارائن جی
نے اوسکو بیکنٹھہ باسی کیا اور راج اندر لوگ کا اندر کرنے لگا سری نارائن جی
کہتے ہیں ہے لچھمی یہہ سری گیتا جی کے اٹھارہویں ادہیاء کا مہاتم ہے
جو تجھہ کو سُنایا ہے

اِتی سری پدم پُرانے اُتر کہنڈے گیتا مہاتمے اشٹا دشو دہیایہ ستی شیو سمباد

آگے سری گیتا جی کے سمپورن پاٹھہ کرنیکا مہاتم چلا

نارائن جی کہتے ہیں ہے لچھمی جو برہمن سادہ اتیت گرہستی سری گیتا جی کے اٹھارہ
ادہیاء کا پاٹھہ نت پرت کرے ہے اتھوا سرون کرے ہے اوسکو ایک اسمیدہ یگ
کئے کا پھل ملتا ہے اور مکت کو پراپت ہوتا ہے اور جو ان ٹھوروں بیچ بیٹھہ کر سری
گیتا جی کا پاٹھہ کرے تو اتی ہی وششٹ ہے سری گنگا جی کے تٹ پر اتلسی کے
پاس پا پیپل کے برچھہ کے تلے بیٹھہ کر پٹھا گرد وار پا اور اوتم ٹھور بیچ بیٹھہ کر پاٹھہ کر
سو وہ پاٹھہ کرتا کلجگ کے جتنے اتن کہور پاپ کئے ہیں اونکے دکھوں سے نرشٹ ہوکر مکت
ہوویگا اور جو چاروں سادہن کرے تو کلجگ کے پاپ اُسکو نہیں پہنچتے ہیں پرتہم تو
سری گنگا جی کا اشنان دوسرے گایتری کا جاپ تیسرے سادہو نکی سنگت اور چوتھا
سری گوبند جی کا بھجن یہہ چاروں سادہنا کرے تو اوسکو بھی کوئی دکھہ
نہیں لگتا گیتا جی کا پاٹھہ نت پرت کرنا چاہئے اور جو نت پرت نکری تو ایکادشی

اماوس پورنماسی سنکرانت اندنونمیں تو اوسکا پاٹھہ کرنا چاہئے اندنونمیں پاٹھہ
سہنسر گؤدان کئیے کا پھل ہوتا ہے جو کوئی سرادھ کے دن گیتا کا پاٹھہ کرے
اوسکے سبھی پتر جو اگت موئے ہوں گت کو پراپت ہوتے ہیں اور وہ آپ بھی
مکت کو پراپت ہوتا ہے جو کوئی سری گیتاجی کا پاٹھہ سمپورن کرے اسکا پاٹھ ہوا سنتے
تو جو کچھ منورتھہ اوسکے من کا ہو وہ سمپورن ہو اور جو کوئی سری گیتاجی کا پاٹھ
پڑہنیاں کو سرون کراوے اوسکو الکھیو گؤدان کئیے کا پھل پراپت ہوتا ہے
اس جیو کے اودھارنیکو چھہ جتن کہے ہیں پہلے گنگاجی کا اشنان دوجا گیتاجی کا
پاٹھہ کرنا تیسرا گؤ کی سیوا چوتھا تلسی کو پانی پاونا پانچواں سادہوں اور
گیانیونکی سیوا کرنی چھٹا ایکادشی کا برت کرنا یہہ چھہ اوپاو جیو کو اودھارنیکے
ہیں جو کہے ہیں ارجن پانڈو کو سری کرشنجی نے اٹھارہ ادھیاے سری گیتاجی کے
سنائے کر گیان اوپدیش کیا ہے یہہ گیتا سری کرشنجی کے مکھہ پاک سے ہے سری کرشنجی نے جیو
اودھارنیکے نمت اسمیں امرت کا پرواہ چلایا ہے جو پڑہہ سنکر جیو کرتارتھہ ہووے
گیتاجی کے پڑہنے کا ایسا پن ہے جیسا چار بید کے پڑہنے کا ہوتا ہے سری ناہہ کنول سے
جو چار کنول اوپجے ہیں وہ ہی چار بید ہیں اونہوں سی جو سگہندتا لینی ہووے تو اون چار
بیدوں میں سگہندتا کی ٹہور گیتا سو پاس ہے گیتا کے پاٹھہ کرنہاری کے نکٹ میں
جاے کھڑا ہوتا ہوں ہے جیسی یہہ جو گیتا پرگٹ کری ہے ایسے جو برہمن پڑہتے ہیں تو بہت
اوتم ہیں کیونکہ وہ میرا انگہ ہے اور جو چھتری بیس سودر بیشنو ابھکت پڑہتے ہیں تو اونکو
بیکنٹھہ گامی ہوویگا یہہ گیتا سکل جیونکے کلیان کے نمت پرگٹ کری ہی سو اسکا
مہاتم مہا کہا ہے جو کوئی گیتا کا پاٹھہ کرے اتھوا سرون کرے تو اوسکی اوس کلیان ہوویگا

اتی سری گیتا مہاتم سمپورنم

[illegible]



[illegible]

ا ماه | ا ماه | ا ماه | ا ماه

[illegible]

[illegible]

[illegible]

Shwe ji Bhan S/o Suresee Chand Bhan

Ram